## سوال

(632)ایک شخص مسمی فوت ہوگیااور الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک شخص مسمی فوت ہوگیا۔ اس کے بعد اس کے تین وارث ہیں۔ ایک زوجہ ہندہ دوسری دختر جمیلہ تیسرا بھائی عمر متوفی کی زوجہ ہندہ نے کل مال اسباب وجائداد وغیرہ سب کا سب دختر جمیلہ کودے دیا۔ اور زید کے بھائی عمر کوکچھ نہیں دیا۔ اوراس کے نام باضابطہ رجسٹری کرادی۔ کچھ عرصہ کے بعد مسماۃ جمیلہ دختر متوفی فوت ہوگئی۔ اب اس کے فوت ہونے کے بعد دختر جمیلہ کے وارثان زیل باقی رہ گئے۔ والدہ مسمات ہندہ چچا مسمی عمر شوہر مسمی بکراب یہ مال واسباب وغیرہ اس کاکس طرح تقسیم ہوگا۔ (منیر الدین از کلکتہ)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خاوند کو نصف۔ والدہ کوثلث۔ باقی چچا کو جس کی صورت یہ ہے۔

میت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

خاوند3۔ والدہ 2 چچا1

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

**جلد2 ص577**